12-Jul-10

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ جیسے ادارے انسان کی تخلیق کا مقصد پورا کر رہے ہیں! محمود شام

تقریباً دو ہزار طلباء کو کورس کا پیاں اور 400 طلباء کو سال بھر کی اسکول فیس دی جا چکی ہے۔ ترجمان عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ

انسان دراصل ایک دوسرے کا غم باٹنے اور مدد کرنے کے لیے ہی تخلیق کیا گیا اور یہ بڑا مبارک عمل ہے جسے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل جیسے ادارے تعلیم، صحت اور دوسرے میدانوں میں انجام دے رہے ہیں۔ یہ بات ممتاز سینئر صحافی محمود شام نے عالمگیر ٹرسٹ کی جانب سے غریب طلباء میں اسکول فیس کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کے آخری مرحلے میں تقریباً 200 طالبعلموں میں پورے سال کی اسکول فیس کے چیک تقسیم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے مملکت کی ذمہ داری ہوتے ہیں اور اگرچہ مملکت ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں کچھ ناکام ہے مگر ہمارے ملک پاکستان پر اللہ کا خاص کرم ہے کہ یہ دنیا کے ان ممالک میں سرفہرست ہے جہاں عطیات وصدقات اور اپنی نیک کمائی میں غرباء کا خیال رکھنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ انہوں نے والدین کو ہمت کی تلقین کی کہ یقیناً آپ کے ان بچوں میں سے کل بڑے سرکاری افسران، وزراء، ادباء، کرکٹر اور ڈاکٹرز نکلیں گے جو آگے چل کر ملک وقوم کی ترقی کا باعث بنیں گے۔ محمود شام نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ جو سہولیات ادارہ خصوصاً صحت کے شعبوں میں مفت فراہم کررہا ہے وہ ملک کے بڑے بڑے ہسپتال بھاری رقم کے عوض دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان سہولیات کی غرباء اور نادار انسانیت کو مکمل مفت فراہمی بڑی وسعت قلبی کا کام ہے۔ آخر میں انہوں نے ادارے کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا کہ یہ سلسلہ قائم ودائم رہے۔

تقریب سے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر وقاص ملک نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ وہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی خدمات سے واقف ہیں اور اسکا پہلے بھی مشاہدہ کر چکے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے حکومتی معاونت کی ہر ممکن یقین دہانی کرائی۔ معروف کرکٹ کمنٹریٹر منیر حسین نے بھی عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی سرگرمیوں کو سراہا اور کہا کہ کچھ لوگ دنیا ہی میں جنت کے حقدار ٹھہرتے ہیں اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اور اسکے ذمہ داران انہی لوگوں میں شامل ہیں۔ انہوں نے ادارے کے ڈونر حضرات کی بھی تعریف کی کہ انہی کی بدولت خدمات کے سلسلے جاری وساری ہیں۔

اس موقع پر عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ترجمان شکیل دہلوی نے مہمانانِ گرامی کو تعلیم اور دیگر میدانوں میں ادارہ کی خدمات کے حوالے سے مختصر بریفنگ دی اور بتایا کہ تقریباً 400 سے زائد طلباء وطالبات کی سال بھر کی فیسوں کی ادائیگی کا کام کیا گیا ہے جن میں نرسری سے لیکر گریجویشن تک کے طالبعلم شامل ہیں۔ جبکہ اس سے قبل پرائیویٹ اسکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے تقریباً دو ہزار طلباء میں کورس کی کتابیں کا پیاں بھی ضرورتمند طلباء میں فراہم کی جاچکی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مجموعی طور پر موجودہ ششماہی میں تعلیم کے شعبہ پر لاکھوں روپے کے اخراجات کیے گئے ہیں۔ تقریب سے ادارہ کے چیئرمین چوہدری نثار احمد اور ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن انجینئر ریحان یاسین نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر صدارتی ایوارڈ یافتہ قاری ونعت خواں حامد محمود قادری، معروف صنعتکار نسیم احمد گوروں والا، نائب چیئرمین حاجی مسعود پاریکھ، جنرل سیکریٹری شمیم احمد چاندنہ، ٹرسٹیز کاشف نسیم، واصف شکیل اور عبدالباسط شمیم بھی موجود تھے۔

#